یکم جولائی 2015ء

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اپنا آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ تیار کرلیا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اپنا آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ تیار کرلیا ہے تاکہ تمام متعلقہ تازہ ترین معلومات اس پر پوسٹ کی جاسکیں۔ گورنر اسٹیٹ بینک جناب اشرف محمود وتھرا نے اس اکاؤنٹ کے افتتاح کے لیے اولین ٹویٹ کیا جس کی عبارت یہ تھی ''SBP is pleased to join the social media on its 67th anniversary.'' (اسٹیٹ بینک اپنی 67ویں سالگرہ پر سوشل میڈیا میں شامل ہونے پر خوشی محسوس کرتا ہے)۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا افتتاح یکم جولائی 1948ء کو قائداعظم محمد علی جناح نے کیا تھا۔

ٹوئٹر اکاؤنٹ کے آغاز کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں ڈپٹی گورنر جناب ریاض الدین اور دیگر سینئر حکام بھی موجود تھے۔

اس ٹوئٹر اکاؤنٹ کا بنیادی کام یہ اطلاع دینا ہوگا کہ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ کے ذریعے کسی موضوع پر معلومات نشر کردی گئی ہیں۔ صارفین اس لنک کے ذریعے اس اکاؤنٹ کو فالو کرسکتے ہیں : https://twitter.com/StateBank_Pak?s=08
یا اس ای میل آئی ڈی کے ذریعے سرچ کرسکتے ہیں Chief.Spokesperson@sbp.org.pk

****